دیدی کا رنگ برنگا خزانہ

Original Publisher: StoryWeaver
Author: Rukmini Banerji
Illustrator: Kaveri Gopalakrishnan
Translator: Naveed Aslam

ایک بڑے شہر کے کنارے کچھ بچے رہتے تھے۔ ان کے گھر کے نزدیک ایک بڑا میدان تھا۔ میدان عجیب قسم کا تھا۔ وہاں نہ پیڑ تھے اور نہ پودے بس کچرا ہی کچرا تھا۔ وہ پورے شہر کی پھینکی ہوئی چیزوں اور گندگی سے بھرا ہوا رہتا تھا۔

وہ بچے سکول نہیں جاتے تھے۔ پورا دن میدان میں گھومتے تھے۔ پلاسٹک کی بوتلیں کھوجتے تھے۔ کپڑے کے ٹکڑے نکالتے تھے۔
کچرے کے بارے میں وہ بہت کچھ جانتے تھے۔

ایک دن دیدی کچرے کے میدان میں آئی۔ گلے میں لال دوپٹہ اوڑھے ہوئے تھی۔ گھومتے پھرتے بچوں کی طرف دیکھتے ہوئے وہ ایک جگہ پر بیٹھ گئی۔ اپنے تھیلے سے کچھ نکال کر دیکھنے لگی۔

پہلے بچے دور سے گھور رہے تھے۔ پھر تھوڑا قریب آکر دیکھنے لگے۔ دیدی کے پاس خوب ساری کتابیں تھیں۔ موٹی پتلی' رنگ بھرنگی کہانیوں سے بھری ہوئی کتابیں!

بچے اور پاس پاس آتے گئے۔

دیدی روز آنے لگی۔ بچے بھی دیدی کے پاس آنے لگے۔ دیدی سے خوب کہانیاں سننے لگے۔ کچھ دنوں میں وہ حروف اور الفاظ پڑھنے لگے۔ آہستہ آہستہ کہانیاں بتانے لگے۔

چلو! دیدی کی جگہ کو خوبصورت بناتے ہیں۔ بچے کچرے سے ایک کرسی ٹیبل لے آئے۔ کوئی قالین لایا' کوئی پردہ۔ کہیں سے کوئی سامان کا ٹکڑا لایا' جو بھی کچرے میں پایا۔

ایک دن دیدی نہیں آئی۔ اگلے دن بھی نہیں آئی۔ پریشان بچے انتظار کرتے رہے۔ باتوں باتوں میں کتاب پڑھنے لگے، اپنے آپ پڑھتے پڑھتے اوروں کو پڑھانے لگے۔

ایک دن انہیں دیدی کا پتہ کتاب میں مل گیا۔ بچے فوراً دیدی کی تلاش میں نکل پڑے۔ ساتھ میں کتابوں کا تھیلا اٹھانا نہیں بولے۔ ڈھونڈتے ڈھونڈتے بچوں نے ایک بس کا نمبر پڑھ لیا۔ چلتے چلتے اس سڑک کا نام سمجھ لیا۔ کیونکہ دیدی نے انہیں سب سکھایا تھا۔

دیدی کا گھر کہاں ہے؟ ادھر ہے کہ اُدھر ہے؟
کھوج کھوج کر بچے پریشان ہو گئے۔ تھک کر واپس جا ہی رہے تھے کہ کسی نے ایک لال دوپٹہ دیکھا۔

دیدی بستر پر لیٹی تھی۔ بیمار اور اداس دکھ رہی تھی۔
چہرے پر نہ کوئی مسکان اور نہ کوئی چمک تھی۔ ڈاکٹر نے دوائی دی تھی مگر دیدی ٹھیک نہیں ہو رہی تھی۔

بچے دوڑ کر وہاں پہنچ گئے۔ دیدی کو ایک دم گلے لگایا۔ کتابوں کا تھیلا انہیں دکھایا۔ بچوں نے کچھ پڑھ کر سنایا۔
دیدی پھر سے مسکرانے لگی۔ انکی آنکھوں کی چمک واپس آنے لگی۔

اب دیدی پھر سے آنے لگی ہے۔ سبھی بچے اکھٹے ہونے لگے ہیں۔ روز شام کو ملنے لگے ہیں۔
خوب ہنسنے اور پڑھنے لگے ہیں۔ مل کر موج مستی کرنے لگے ہیں۔
بچے دیدی اور ان کی کتابیں!

Story Attribution:

This story: دیدی کا رنگ برنگا خزانہ is translated by Naveed Aslam . The © for this translation lies with Naveed Aslam, 2019. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Based on Original story: 'दीदी का रंग बिरंगा खज़ाना', by Rukmini Banerji . © StoryWeaver , 2015. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license.

Images Attributions:

Cover page: A woman and a group of children having a fun time reading, by Kaveri Gopalakrishnan © Pratham Books, 2015. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 2: Children living close to a garbage dump, by Kaveri Gopalakrishnan © Pratham Books, 2015. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 3: Children carrying boxes, bags and sacks, by Kaveri Gopalakrishnan © Pratham Books, 2015. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 4: Children looking at a woman walking by, by Kaveri Gopalakrishnan © Pratham Books, 2015. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 5: Woman reading a book, children watching curiously, by Kaveri Gopalakrishnan © Pratham Books, 2015. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 6: Woman and children engrossed in books, by Kaveri Gopalakrishnan © Pratham Books, 2015. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 7: Children cleaning and decorating, by Kaveri Gopalakrishnan © Pratham Books, 2015. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 8: A group of children reading, by Kaveri Gopalakrishnan © Pratham Books, 2015. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 9: Children waiting at a bus stand, by Kaveri Gopalakrishnan © Pratham Books, 2015. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 10: Four children grabbing a red shawl, by Kaveri Gopalakrishnan © Pratham Books, 2015. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license.

دیدی کا رنگ برنگا خزانہ

(Urdu)

اچھی دیدی، جس نے اپنی کتابوں سے غریب بچوں کی زندگی بدل دی

This is a Level 2 book for children who recognize familiar words and can read new words with help.